aeiou FOUNDATION
for children with autism

AEIOU Foundation

AEIOU Foundation آٹزم میں مبتلا بچوں اور انکے گھرانوں کو اعلی معیار کی، ذاتی ضرورت کی بنیاد پر جلد مدد مہیا کرتی ہے جس سے زندگی کی اہم مہارتیں پیدا ہوتی ہیں اور خودمختاری کو فروغ ملتا ہے۔

پورے کوئینز لینڈ میں نو سنٹروں اور ساؤتھ آسٹریلیا میں ایک سنٹر کے ساتھ، AEIOU کی آکوپیشنل تھراپسٹس، سپیچ اینڈ لینگوئیج پیتھالوجسٹس (بولنے اور زبان میں مدد دینے والے ماہرین)، معلّمین اور سیکھنے میں مدد دینے والے ماہرین کی ٹیم دو تا چھ سال عمر کے بچوں کے ساتھ کام کرتے ہوئے انہیں یہ مہارتیں دلاتی ہے:

- بات چیت
- رویّہ
- سماجی مہارتیں
- خودمختاری بڑھانے والی روزمرہ زندگی کی مہارتیں، جن میں ٹائلٹ کی تربیت اور کھانا کھانا شامل ہے
- کھانا کھانے کی مہارتیں

اہداف حاصل کرنے کیلئے AEIOU میں بچوں کو یہ مدد ملے گی:

- ہر ہفتے کم از کم 20 گھنٹوں کی بھرپور، خاص آٹزم کیلئے تھراپی
- انفرادی پلان
- انفرادی تھراپی اور گروپ تھراپی

گھرانوں اور بچوں کو سنبھالنے والوں کو تربیت اور سہارے تک رسائی حاصل ہو گی جس میں منصوبہ بندی کیلئے انفرادی میٹنگیں، ورکشاپس اور والدین کیلئے لائبریری بھی شامل ہیں۔

AEIOU قومی معذوری انشورنس سکیم (NDIS) کی رجسٹرڈ پرووائیڈر ہے۔

مزید معلومات نیز انٹرپریٹر (زبانی مترجم) حاصل کرنے کے بارے میں معلومات کیلئے 435 273 1300 پر فون کریں، communications@aeiou.org.au کو ای میل بھیجیں یا www.aeiou.org.au دیکھیں۔